الیکشن کمیشن آف پاکستان.
شعبہ تعلقات عامہ
مورخہ: 31 مارچ 2018
....

آج سیکریٹری الیکشن کمیشن جناب بابر یعقوب فتح محمد نے صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کا دورہ کیا اور لاہور ڈویژن میں جاری ڈسپلے سنٹرز کے کام کا معائنہ کیا ۔۔ اس کے بعد سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب کی زیر صدارت اہم اجلاس دفتر صوبائی الیکشن کمیشنر میں منعقد ہوا. جس میں صوبائی الیکشن کمیشنر پنجاب اور لاہور ریجن کے افسران نے شرکت کی. اجلاس میں انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی پر جاری کام کا جائزہ لیا گیا.

سیکریٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان نے افسران کو ہدایت جاری کی کہ عوام الناس اور رائے دہیندگان کو ہر ممکن سہولت مہیا کی جائے اور اس سلسلہ میں تمام انچارج ڈسپلے سینٹرز کو ضروری ہدایات جاری کر دیں گئیں کہ تمام ڈسپلے سنٹرز مقررہ وقت تک روزانہ کھولے رہیں اور عوام کی ہر ممکن رہنمائی کی جائے ۔